مسئلہ: محترم جناب مفتی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، عید کی نماز کے بارے عورتوں پر کیا حکم ہے، اگر وہ عید گاہ نہ جاسکیں تو کیا وہ عید کی نماز گھر پر ادا کرلیں، یا اس کے بدلے کوئی نفل پڑھیں، اس کے بارے شریعت کا حکم بتایا جائے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب حامدا و مصليا و مسلما

واضح رہے کہ عورتوں پر جماعت ضروری نہیں، اگر عورتیں کسی وجہ سے عید گاہ میں نہ جاسکیں تو وہ گھر پر عید کی نماز نہیں پڑھیں گی، کیونکہ عیدین کی نماز اُن پر واجب نہیں، پھر جیسے جمعہ کے قائم مقام ظہر کی نماز ہے، اس لئے اگر جمعہ کی نماز نکل جائے تو اس کی جگہ ظہر واجب ہوتی ہے، جبکہ عیدین کا کوئی اور بدل نہیں ہے؛ لہٰذا عورتوں پر اس کے بدلہ کچھ نفل وغیرہ واجب نہیں ہوتے۔

١. عن نافع عن ابن عمر: أنه كان لا يخرج نساء ' في العيدين، وفي رواية عن هشام بن عروة عن أبيه: أنه كان لا يدع امرأة تخرج إلى فطر و لا أضحى۔ (المصنف لابن أبي شيبة ٢٣٤،٤ المجلس العلمي، تاتارخانية ٢٠٨،٢ رقم: ٣٤١٨)

٢. عن عائشة رضي الله عنها قالت: لو أدرک رسول الله صلى الله عليه وسلم ما أحدث النساء لمنعهن المسجد كما منعت نساء بني اسرائيل، فقالت لعمرة: أو منعن، قالت: نعم۔ (رواه البخاري / الأذان، باب خروج النساء إلى المساجد بالليل والغلس ١٢٠،١ رقم: ٨٦١، ف: ٨٦٩، مسلم / الصلاة، باب خروج ا لنساء إلى المساجد إذا لم يترتب عليه فتنة وأنها لا تخرج مطيبة ١٨٣،١ رقم: ٤٤٥)

٣. أخرج الطبراني عن أبي عمرو الشيباني أنه رأى ابن مسعود يخرج النساء من المسجد يوم الجمعة ويقول: اخرجن إلى بيتكن خير لكن۔ (المعجم الكبير للطبراني ٢٩٤،٩ رقم: ٩٤٧٥، الفتاوىٰ التاتارخانية / من يجب عليه الخروج ٦١٤،٢ رقم: ٣٤٢٩)

٤. ولا تجب على المرأة الخ۔ (شامی كراچی ١٥٤،٢، زكريا ٣٠٥-٣٠٧،٢)

٥. وشرط وجوبها الإقامة والذكورة۔ (البحر الرائق ١٥١،٢، حلبی كبير ٥٤٨، مراقی الفلاح مصری ٤١١)

٦. وتجب صلاة العيد على من تجب عليه الجمعة۔ (منحة الخالق حاشيه البحر الرائق ١٥٧،٢، حلبی كبير ٥٦٥، مراقی الفلاح مصری ٤٣٣، كراچی ٢٨٨، شامی زكريا ٤٥،٣، فتاوىٰ محموديه ميرٹھ ٥٣٨،١٢).والله تعالى اعلم بالصواب

العبد الضعيف

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ

رفیق دارالافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

١٤٤٢/١٠/١٣

٢٠٢١/٠٥/٢٥



الجواب صحیح

صالح

الجواب صحیح

١٣/١٠/١٤٤٢ھ

٢٥/٠٥/٢٠٢١ء